المرسلات

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

۱	ہواؤں کی قسم جو نرم نرم چلتی ہیں۔
۲	پھر زور پکڑ کر جھکڑ ہو جاتی ہیں۔
۳	اور بادلوں کو ابھار کر اٹھا لاتی ہیں۔
۴	پھر انکو پھاڑ کر جدا جدا کر دیتی ہیں۔
۵	پھر فرشتوں کی قسم جو وحی لاتے ہیں۔
۶	تاکہ عذر دور کر دیا جائے یا ڈر سنا دیا جائے۔
۷	کہ جس فیصلے کا تم سے وعدہ کیا جاتا ہے وہ ہو کر رہے گا۔
۸	جب تاروں کی چمک جاتی رہے۔
۹	اور جب آسمان میں شگاف پڑ جائیں۔
۱۰	اور جب پہاڑ ریزہ ریزہ کر کے اڑا دیئے جائیں۔
۱۱	اور جب پیغمبروں کیلئے وقت مقرر کر دیا جائے۔
۱۲	بھلا ان کاموں میں تاخیر کس لئے کی گئی؟
۱۳	فیصلے کے دن کے لئے۔
۱۴	اور تمہیں کیا خبر کہ فیصلے کا دن کیا ہے۔

۱۵	اس دن جھٹلانے والوں کے لئے خرابی ہوگی۔
۱۶	کیا ہم نے پہلے لوگوں کو ہلاک نہیں کر ڈالا تھا۔
۱۷	پھر ان پچھلوں کو بھی انکے پیچھے بھیج دیتے ہیں۔
۱۸	ہم گنہگاروں کے ساتھ ایسا ہی کیا کرتے ہیں۔
۱۹	اس دن جھٹلانے والوں کی خرابی ہوگی۔
۲۰	کیا ہم نے تمکو حقیر پانی سے نہیں پیدا کیا۔
۲۱	پھر اس کو ایک محفوظ جگہ میں رکھا۔
۲۲	ایک وقت معین تک۔
۲۳	پھر ہم نے اندازہ مقرر کیا سو ہم کیا ہی خوب اندازہ مقرر کرنے والے ہیں۔
۲۴	اس دن جھٹلانے والوں کی خرابی ہوگی۔
۲۵	کیا ہم نے زمین کو سمیٹنے والی نہیں بنایا۔
۲۶	یعنی زندوں اور مردوں کو۔
۲۷	اور ہم نے اس پر اونچے اونچے پہاڑ رکھ دیئے اور تم لوگوں کو میٹھا پانی پلایا۔
۲۸	اس دن جھٹلانے والوں کی خرابی ہوگی۔
۲۹	جس چیز کو تم جھٹلایا کرتے تھے اب اس کی طرف چلو۔
۳۰	یعنی اس سائے کی طرف چلو جسکی تین شاخیں ہیں۔
۳۱	نہ ٹھنڈی چھاؤں اور نہ شعلوں سے بچاؤ۔
۳۲	اس سے آگ کی اتنی اتنی بڑی چنگاریاں اڑتی ہیں جیسے محل۔

۳۳	گویا زرد رنگ کے اونٹ ہیں۔
۳۴	اس دن جھٹلانے والوں کی خرابی ہوگی۔
۳۵	یہ وہ دن ہے کہ لوگ لب تک نہ ہلا سکیں گے۔
۳۶	اور نہ انکو اجازت دی جائے گی کہ عذر کر سکیں۔
۳۷	اس دن جھٹلانے والوں کی خرابی ہوگی۔
۳۸	یہی فیصلے کا دن ہے جس میں ہم نے تمکو اور پہلے لوگوں کو جمع کیا ہے۔
۳۹	اگر تمکو کوئی داؤں آتا ہو تو مجھ سے کر چلو۔
۴۰	اس دن جھٹلانے والوں کی خرابی ہوگی۔
۴۱	بیشک پرہیزگار سایوں اور چشموں میں ہوں گے۔
۴۲	اور میووں میں جو انکو مرغوب ہوں۔
۴۳	جو عمل تم کرتے رہے تھے انکے بدلے میں مزے سے کھاؤ اور پیو۔
۴۴	ہم نیکوکاروں کو ایسا ہی بدلہ دیا کرتے ہیں۔
۴۵	اس دن جھٹلانے والوں کی خرابی ہوگی۔
۴۶	اے جھٹلانے والو دنیا میں تم کسی قدر کھا لو اور فائدے اٹھا لو تم بیشک گنہگار ہو۔
۴۷	اس دن جھٹلانے والوں کی خرابی ہوگی۔
۴۸	اور جب ان سے کہا جاتا ہے کہ اللہ کے آگے جھکو تو جھکتے نہیں۔
۴۹	اس دن جھٹلانے والوں کی خرابی ہوگی۔
۵۰	اب اس کے بعد یہ کون سی بات پر ایمان لائیں گے؟